Inter-(Part-II)-A-2022

Roll No.____________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

# اُردو لازمی (انشائیہ)

گروپ-II

وقت: 2:30 گھنٹے

کل نمبر=80

## حصہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (8+1+1=10)

اُجڑا سا وہ نگر کہ ہڑپا ہے جس کا نام ...... اُس قریۂ شکستہ و شہرِ خراب سے

عبرت کی اِک چھٹانک برآمد نہ ہو سکی ...... کلچر نکل پڑا ہے منوں کے حساب سے

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (3+3+3+1=10)

وہی جہاں ہے ترا جس کو تو کرے پیدا ...... یہ سنگ و خشت نہیں جو تری نگاہ میں ہے

مہ و ستارہ سے آگے مقام ہے جس کا ...... وہ مُشتِ خاک ابھی آوارگانِ راہ میں ہے

خبر ملی ہے خدایانِ بحر و بر سے مجھے ...... فرنگ رہ گزرِ سیلِ بے پناہ میں ہے

## حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) میں لاہور آیا تو کچھ دنوں زمیندار کے دفتر میں بھی قیام رہا۔ ایک رات کا ذکر ہے کہ کسی نے پچھلے پہر میرا شانہ ہلایا۔ میں آنکھیں ملتا ہوا اُٹھ بیٹھا۔ لیکن ابھی صبحِ کاذب تھی، ہر طرف تاریکی چھائی ہوئی تھی۔ صرف اتنا معلوم ہوا کہ کوئی شخص میرے سرہانے کھڑا ہے، میں گھبرایا کہ الٰہی یہ کیا ماجرا ہے، اتنے میں مولانا کی آواز آئی کہ اٹھو میرے ساتھ سیر کو چلو۔

(ب) بہت زمانے تک مواصلات یا پیغام رسانی کا کام کبوتروں سے بھی لیا گیا۔ خط اس کی گردن میں یا اس کے بازو میں باندھ دیا جاتا اور وہ اسے منزلِ مقصود پر پہنچا دیتا۔ ان کے ذریعے سیکڑوں سال تک پیغام رسانی ہوئی۔ انھیں پہلی بار کس نے استعمال کیا، اس کا تو علم نہیں مگر یہ بات تاریخ کی کتابوں میں بہ کثرت موجود ہے کہ مسلمان حکمرانوں نے انھیں پورے بلادِ اسلامیہ میں استعمال کیا ہے۔

4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1 =10)

(i) نواب محسن الملک (ii) مولوی نذیر احمد دہلوی

5 - احسان دانش کی نظم " تغیّر " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصّل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(i) ہمارا امتحانی نظام۔

(ii) ماحولیاتی آلودگی۔

(iii) میرا پسندیدہ شاعر۔

7 - معاشرے میں بڑھتے ہوئے سٹریٹ کرائم کے خاتمے کے لیے ڈپٹی کمشنر کے نام خط لکھیے۔ (10)